نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

تل کی برآمدات بڑھانے اور سویابین اور کینولا کی درآمدات کم کرنے کے منصوبہ کے تحت کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب

لاہور:**16 ستمبر 2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت پنجاب میں تل کی پیداوار اور برآمدات میں اضافے کے لیے خصوصی اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔اس ضمن میں محکمہ زراعت پنجاب نے سویابین اور کینولا کی درآمدات کم کرنے کے ساتھ ساتھ تل کی پیداوار بڑھانے کا منصوبہ پر عملدرآمد کر رہا ہے جس کے تحت کاشتکاروں کو جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے آگاہی اور معاونت فراہم کی جائے گی۔اس منصوبہ کے تحت 211 کینولہ کے ماڈل فارمز قائم کئے جا رہے ہیں اور کاشتکاروں کو 30 ہزار روپے فی ماڈل فارم مالی اعانت فراہم کی جائے گی۔ پاکپتن، بہاولنگر، راجن پور، مظفر گڑھ، میانوالی، فیصل آباد، بہاولپور، ٹوبہ ٹیک سنگھ، خانیوال، خوشاب، لیہ، وہاڑی، اوکاڑہ، اٹک، رحیم یار خان، قصور، چکوال، ساہیوال، جھنگ، مظفر گڑھ اور سرگودھا کے کاشتکار درخواست فارم جمع کرا سکتے ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ درخواست فارم محکمہ زراعت پنجاب کی آفیشل ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk سے یا متعلقہ ضلع کے ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر سے حاصل کر سکتے ہیں۔کاشتکار درخواستیں **26 ستمبر 2026 تک** اپنے ضلع کے متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر میں جمع کرا سکتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے محکمہ زراعت کے متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹرز زراعت (توسیع) کے دفاتر سے رابطہ کریں یا ایگریکلچرل ہیلپ لائن 0800-17000 پر روزانہ صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆